Day 3 — Condition III: Five Daily Prayers, Tahajjud, Durud & Istighfar

Light Day · Jalsa Seeratun Nabi (sa)

Sunday, 22 November 2026 · Book: *Conditions of Bai'at and Responsibilities of an Ahmadi* · Printed pp. 51 & 55–56 · https://talim.ca/ashratalim

> Condition III
>
> **"That he/she shall regularly offer the five daily Prayers in accordance with the commandments of God and the Holy Prophet Muhammad (sa) and shall try his/her best to be regular in offering the tahajjud and invoking durud on the Holy Prophet Muhammad (sa). That he/she shall make it his/her daily routine to ask forgiveness for his/her sins, to remember the bounties of God and to praise and glorify Him."**

Observe Five Daily Prayers (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

The first point mentioned in this condition is that the initiate will observe five daily Prayers in accordance with the commandment of Allah and His Messenger (sa). The commandment of Allah is that men and women as well as children who have reached the age of ten should offer Prayers at their appointed times.

The Promised Messiah (as) says:

> "What is the Prayer? It is the supplication made humbly in the form of tasbih [glorification] and tahmid [praise of God], taqdis [proclaiming His holiness], istighfar [seeking His forgiveness] and durud [calling down His blessings on the Holy Prophet (sa)]. When you are occupied with the Prayer, do not confine yourselves only to the prescribed Prayers like heedless people whose Prayer is all formality and has no reality behind it. When you observe the Prayer, besides the prescribed supplications taught by the Holy Qur'an and the Holy Prophet, you should set forth your supplications in your respective vernaculars so that your hearts may be moved by your humility and your earnestness."

(Kashti-e-Nuh, Ruhani Khaza'in, vol. 19, pp. 68–69)

The Promised Messiah (as) further says:

> "The Prayer is so powerful that the heavens incline towards the human with it. The one who does full justice to Prayers feels that he has died; his soul has melted and fallen at the threshold of Allah... A house in which Prayer is offered in this manner will never face destruction. It is said in hadith that if Prayer had been

> ordained to the people of Noah, they would not have been ruined. Hajj is obligatory but with certain prerequisites; so is fasting and Zakat. But the obligation to offer Prayer has no prerequisites. All other obligations are discharged once a year, but the Prayer is ordained five times a day. As long as the Prayer is not performed in accordance with all its requirements, it does not earn the blessings that it carries. Such allegiance [without discharging these obligations] is not of any benefit."

(Malfuzat, new edition, vol. 3, p. 627)

Readings, Full Book (Printed pp. 51–76 | UR Printed pp. 47–71) & 3 Quizzes: https://talim.ca/ashratalim

شرطِ بیعت نمبر ۳: پنج وقتہ نماز، تہجد، درود اور استغفار

Sunday, 22 November 2026 · شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں · Printed pp. 47–48 (top) & 50–51 · https://talim.ca/ashratalim

شرطِ بیعت نمبر ۳

”یہ کہ بلاناغہ پنج وقتہ نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہے گا۔ اور حتی الوسع نماز تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفار کرنے میں مداومت اختیار کرے گا۔ اور دلی محبت سے خدا تعالیٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اس کی حمد اور تعریف کو اپنا ہر روزہ ورد بنائے گا۔“

پنج وقتہ نمازوں کا التزام کرو (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

اس شرط میں جو باتیں بیان کی گئی ہیں ان میں نمبر ایک تو یہی ہے کہ اللہ اور رسول کے حکم کے مطابق پانچ وقت نمازیں بلاناغہ ادا کرے گا۔ اللہ اور رسول کا حکم ہے مردوں اور عورتوں دونوں کے لئے۔ اور ان بچوں کے لئے بھی جو دس سال کی عمر کو پہنچ چکے ہیں کہ نماز وقت پر ادا کرو۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

''نماز کیا چیز ہے۔ وہ دعا ہے جو تسبیح تحمید تقدیس اور استغفار اور درود کے ساتھ تضرع سے مانگی جاتی ہے۔ سو جب تم نماز پڑھو تو بیخبر لوگوں کی طرح اپنی دعاؤں میں صرف عربی الفاظ کے پابند نہ رہو۔ کیونکہ ان کی نماز اور ان کا استغفار سب رسمیں ہیں جن کے ساتھ کوئی حقیقت نہیں۔ لیکن تم جب نماز پڑھو تو بجز قرآن کے جو خدا کا کلام ہے، اور بجز بعض ادعیہ ماثورہ کے کہ وہ رسول کا کلام ہے، باقی اپنی تمام عام دعاؤں میں اپنی زبان میں ہی الفاظِ متضرعانہ ادا کر لیا کرو تا کہ تمہارے دلوں پر اس عجز و نیاز کا کچھ اثر ہو۔''

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد ۱۹، صفحہ ۶۸—۶۹)

پھر آپ نے فرمایا:

''نماز ایسی شئے ہے کہ اس کے ذریعہ سے آسمان انسان پر جھک پڑتا ہے۔ نماز کا حق ادا کرنے والا یہ خیال کرتا ہے کہ میں مر گیا اور اس کی روح گداز ہو کر خدا کے آستانہ پر گر پڑی ہے..... جس گھر میں اس قسم کی نماز ہو گی وہ گھر کبھی تباہ نہ ہو گا۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر نوح کے وقت میں نماز ہوتی تو وہ قوم کبھی تباہ نہ

ہوتی۔ حج بھی انسان کے لئے مشروط ہے، روزہ بھی مشروط ہے، زکوٰۃ بھی مشروط ہے مگر نماز مشروط نہیں۔ سب ایک سال میں ایک ایک دفعہ ہیں مگر اس کا حکم ہر روز پانچ دفعہ ادا کرنے کا ہے۔ اس لئے جب تک پوری پوری نماز نہ ہو گی تو وہ برکات بھی نہ ہوں گی جو اس سے حاصل ہوتی ہیں اور نہ اس بیعت کا کچھ فائدہ حاصل ہو گا۔"

(ملفوظات جلد سوم، صفحہ ۶۲۷، جدید ایڈیشن)

تمام مطالعہ، مکمل باب (Printed pp. 47–71) اور کوئز: https://talim.ca/ashratalim